علی حیدر کے کلام کا اردو ترجمہ

لوک ورثے کا قومی ادارہ، اسلام آباد

کُوک

ابیاتِ علی حیدر

•

اُردُو ترجمہ

شفقت تنویر مرزا

◎

لوک وِرثے کا قومی ادارہ ۰ اِسلام آباد،
پاکستان

MP—18—806

جون ۱۹۸۰ء

نگران: عکس مفتی —— ایڈیٹر: مظہر الاسلام

اردو ترجمہ: شفقت تنویر مرزا —— کتابت: ہاشم الاعظمی

سرورق: فاروق قیصر

مطبع:- انشا پریس لاہور

لوک ورثے کا قومی ادارہ، پوسٹ بکس نمبر ۱۳۷۱ اسلام آباد

—— شعبۂ مطبوعات ——

قیمت:- ۲۵ روپے

ترتیب

پہلی بات

پنجابی کے نامور شاعروں کے ساتھ مجموعی طور پر جو واردات ہوئی ہے وہی علی حیدر پہ گزری ہے بلکہ علی حیدر کے ساتھ ہاتھ کچھ زیادہ ہی ہو گیا ہے اس کا واضح ثبوت یہ ہے کہ اب تک علی حیدر کی زندگی کے بارے میں زیادہ تفصیلات اکٹھی نہیں ہو سکیں، ہر چند اس کا مرقد بھی مزار کی حیثیت رکھتا ہے مگر مزار سے وابستگان کے لئے صاحب مزار کا یہ پہلو شاید زیادہ اہم نہیں دوسری طرف اس کی شاعری کا معاملہ ہے۔ علی حیدر کے دوہے اگرچہ عوامی سطح پر پورے پنجاب میں سراہے گئے اور سراہے جا رہے ہیں مگر ایک تو اس کا مکمل مجموعہ تیار نہیں ہوا اور جو نامکمل مجموعے چھپے اُن میں ظاہراً بے شمار نقائص ہیں، ایک آدھ مجموعے میں جلال پور (ضلع جہلم) کے علی حیدر کے بیت بھی شامل کر دیئے گئے، تاہم سیف الملوک والے میاں محمدؒ نے جن قدیم اور ہم عصر شعرا کے بارے میں 'سیف الملوک' کے دیباچے میں لکھا ان میں علی حیدر

بھی شامل ہیں اور مقصود یہی علی حیدر ہیں، میاں محمد بخش نے لکھا ہے۔

حیدر دے سُن بیت، مریندا خیبر نفس شیطانی

پنجابی شاعروں کی اکثریت کی روایت کے مطابق علی حیدر بھی درویشوں اور صوفیوں کے قبیلہ کے فرد ہیں اور اُن کی شاعری خالق و مخلوق کے رشتے اور فراق اور وصال کے مراحل سے گزرتی ہے، عقیدہ پرستی کے مقابلے میں روشن انسانیت پسندی لیکن علی حیدر کا اسلوب اپنے بزرگوں اور ہم عصروں سے بہت ہی مختلف ہے، ان سے پہلے ابیات کے سلسلے میں سُلطان باہو کا پایہ بہت بلند ہے مگر علی حیدر نے اُن کی پیروی نہیں کی اور اپنی شاعری کو بیت یا دوہے اور کافی کا سنگھم بنا دیا ہے، موضوعات کے اعتبار سے بھی انھوں نے اپنے عہد کی صورتِ حال کے بارے میں ایک زیادہ پُر جوش قوم پرست کا رویہ اپنایا ہے، ان کے ہم عصر بُلھے شاہ اور وارث شاہ سیاسی اور سماجی حالت کے بارے میں اشعار کے ذریعے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں مگر ان کا موضوع محدود ہو جاتا ہے جبکہ علی حیدر نے نجابت کی طرح نادر شاہ کے حملے پر پوری وار (رزمیہ) تو نہیں لکھی لیکن مسلسل بارہ مصرعوں میں اور کہیں اشارتاً اس وقت کے برصغیر کی حالت پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور اس عہد کے حاکموں پر انتہائی تلخ تنقید کی ہے، حیدؔر کے ان مصرعوں سے جھلکنے والی قوم پرستی بعد میں بہت دیر تک پنجابی تو پنجابی دوسری زبانوں کے شعرا کو بھی نصیب نہیں ہوئی لیکن یہ تلخی ان کی دوسری شاعری میں اس انداز میں تخلیقی روپ اختیار نہیں کر سکی جو انداز بُلھے شاہ کو نصیب ہوا شائد اس کی ایک وجہ علی حیدر کا حیاتی سطح پر خود کو محدود کرنا ہے۔ جہاں تک ملکی صورتِ حال کے بارے میں

علی حیدر کے رویّے کا معاملہ ہے اسے دراصل ان کے اپنے عہد کی تلخیوں کا نچوڑ کہا جا سکتا۔ علی حیدر کی زندگی برصغیر کی تاریخ کے بدترین دور میں گزری علی حیدر ۱۱۰۱ھجری یا ۱۶۹۰ء میں چونترہ یا موضع قاضیاں ضلع فیصل آباد میں پیدا ہوئے، ذات غالباً جاٹ تھی، تعلیم کہاں کہاں حاصل کی اِس کا علم نہیں، لیکن شاعری سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ ان کے عہد میں ایک عالم کے لئے درس و تدریس کے جن مرحلوں سے گزرنا پڑتا تھا علی حیدر ان مرحلوں سے گزرے اور کامیابی سے گزرے ان کی تعلیم میں باقاعدگی کا اندازہ بھی ان کی شاعری سے ہوتا ہے، اہلِ اللہ سے براہِ راست ان کے روابط کا ٹھوس ثبوت تو اُن کے کلام سے نہیں ملتا مگر بعض کتابوں میں ایسے حوالے موجود ہیں۔ صاحبزادہ یوسف طاہر کا "لعلاں دی پنڈ"، نامی کتاب میں "دو صوفی شاعر" کے عنوان کے تحت ایک مضمون شامل ہے جس میں انہوں نے منشی حکم چند کی "تواریخِ ضلع ملتان" سے ایک واقعہ نقل کیا ہے" ——— قاضی حیدر صاحب (علی حیدر) مسماۃ صفوراں (یا مائی سپوراں) کا شہرۂ کمالات سُن کر واسطے امتحان کے آئے۔ مائی صاحبہ ان کو ہمراہ اپنے دریائے راوی پر لے گئے اور آپ دریا میں چادر بچھا کر قاضی صاحب کو واسطے پڑھنے نماز کے بلایا، قاضی صاحب نے کہا "مجھ کو ایسی طاقت نہیں ہے"، مائی صاحبہ نے اُسی چادر پر نماز پڑھی اور پھر چادر جھاڑی تو گرد نکلی اور قاضی صاحب نے ان کے کمالات کا اقرار کیا اور کہا۔

"مائی سپوراں پورن بھانڈا حیدر ڈنگراں ڈھوراں جیہا"

صاحبزادہ یوسف طاہر کتاب "ادبیائے ملتان" کے حوالے سے یہ بھی ثابت کرتے ہیں کہ بُلھے شاہ اور علی حیدر کی ملاقات بھی ہوئی ہو گی، تحصیل کبیر والہ کے اسی

عہد کے بزرگ عبدالحکیم ہو گذرے ہیں، مائی سیوراں کے فرزند صالح محمدؐ صالح نے فارسی شعر میں "ملفوظاتِ عبدالحکیم" کے عنوان سے ایک کتاب لکھی، صالح محمدؐ صالح کی اس کتاب میں علی حیدر کا حضرت عبدالحکیم کے ہاں جانا ثابت ہوتا ہے، علی حیدر کے گاؤں سے حضرت عبدالحکیم کے گاؤں کا فاصلہ صرف آٹھ میل کا ہے جبکہ مائی سیوراں اور صالح محمدؐ صالح کے گاؤں کا فاصلہ علی حیدر کے گاؤں سے صرف تین میل ہے. صالح محمد لکھتے ہیں۔

شنیدہ ز دل زندہ راست گو　　　که بودہ یکے روز فرخ نکو
چوں سلطان عبدالحکیم از نماز　　　شدہ فارغ دگشت شکرانہ ساز
دراں روز در مجلسِ آنجناب　　　در آمد یکے سوختہ دل کباب
عجب ہوشیاری بہ مستی مدام　　　بہ والا نسب بود شاہ بلھا نام

چوں رخصت شد آں مستِ ذوقِ شہود　　　بہ شاہِ عنایت ارادت نمود

کلامش زمستی چناں کرد جوش　　　که از عرش تا فرش شد در خروش
کلامِ مبارک ز توحیدِ ذات　　　دل مردہ را بخشد آبِ حیات

ان اشعار میں بُلھے شاہ، ان کے استاد شاہ عنایت اور بُلھے شاہ کے کلام کے بارے میں جس انداز میں اشارے دیئے گئے ہیں ان سے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ بُلھے شاہ حضرت عبدالحکیم کے ہاں حاضر ہوئے ہوں گے اور یہ بھی بعید نہیں کہ ان دو عظیم ہم عصروں بُلھے شاہ اور علی حیدر میں ملاقات ہوئی ہو مگر نہ تو بُلھے شاہ کے

کلام سے اور نہ ہی علی حیدر کے کلام سے اس ملاقات کی توثیق ہوتی ہے، شاید ان دنوں ایک دوسرے کا حوالہ دینے کی روایت نہ ہو، کیونکہ بعد میں تو سچل سرمست کے ہاں بُلھے شاہ اور سُلطان باہو کا حوالہ باقاعدہ ملتا ہے مگر سینئر بزرگ اور شاعر کی حیثیت سے ۔

مائی سپوراں، عبدالحکیم اور بُلھے شاہ کے اس تذکرے سے کم از کم یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ علی حیدر صاحب حال بزرگوں کے ہاں حاضری دیا کرتے تھے ۔ اس اعتبار سے یہ روایت بھی درست ہو سکتی ہے کہ علی حیدر نے دہلی کے شاہ فخرالدین سے تعلیم حاصل کی تھی، علی حیدر کی شاعری میں دلّی کا ذکر کچھ اسی انداز میں ملتا ہے جیسے ان کا اس شہر سے کوئی نہ کوئی قلبی تعلق تھا، دوسری طرف لاہور کا ذکر بھی علی حیدر نے اسی انداز میں کیا ہے جیسے لاہور میں آئے اور رہے ہوں ۔

دلّی اور لاہور اس عہدِ انتشار کے دو بڑے بدقسمت شہر تھے جہاں مقامی طور پر اشرافیہ تنزل کی انتہا تک پہنچ چکی تھی اور بیرونی حملہ آوروں نے بار بار یلغار کر کے تخت کے زوال کے تمام سامان مکمل کر دیئے تھے، فکری اعتبار سے مسلم فکری ارتقا کے لئے بھی یہ زمانہ بڑا ہی صبر آزما تھا ۔ تصوف اور مذہب کے دو متحارب مکاتیبِ فکر جو مغلوں سے بھی پہلے اپنی اپنی راہ پر آگے بڑھ رہے تھے اس عہد میں خوفناک طریق سے ٹکرا گئے دارا شکوہ اور اورنگ زیب ان دو متحارب مکاتیبِ فکر کی نمائندگی کرتے تھے ان کی ٹکر نے فکری نظام کو بھی ٹکرے ٹکرے کر دیا اور دوسری طرف سماجی نظام میں انتشار اور پیداواری انجماد نے وہ خلا پیدا کر دیا جسے پُر کرنے کے لئے سمندر پار سے یورپی طاقتیں برصغیر میں پہنچ چکی تھیں ۔ علی حیدر نے اورنگ زیب اور دارا شکوہ کی ٹکر کی ایک علامت سرمد شہید کا ذکر نہیں کیا جبکہ بُلھے شاہ نے سرمد کو بے پناہ خراجِ پیش کر کے علی الاعلان

اپنی جانبداری کا مظاہرہ کیا' —— علی حیدر اور بلھے شاہ کے مزاج، فن اور طریق زندگی میں یہ اہم فرق ہے ہر چند دونوں فکری اعتبار سے ایک ہی مکتب فکر سے تعلق رکھتے ہیں۔

علی حیدر کی پیدائش ۱۶۹۰ء کی بتائی جاتی ہے، گویا اورنگ زیب کی وفات کے وقت علی حیدر کی عمر سترہ برس تھی جبکہ بلھے شاہ کی عمر اس وقت ستائیس برس تھی اورنگ زیب ۱۶۵۸ء میں بادشاہ بنا۔ علی حیدر نے سترہ برس کی عمر سے لے کر بچانوے برس کی عمر تک دلی کے تخت پر پندرہ حکمرانوں کو بیٹھتے، قتل ہوتے اور بیرونی حملہ آوروں کے ہاتھوں ذلیل ہوتے دیکھا ان میں سے تیرہ بادشاہ تو باون برس میں آئے اور چلے گئے صرف ایک برس ۱۷۰۷ء میں تین بادشاہ رخصت ہوئے اسی طرح ۱۷۱۹ء کے سال میں بھی تین بادشاہ آئے اور گئے۔ ۱۷۳۸ء سے لے کر ۱۷۶۸ء تک تیس برس کے عرصے میں بیرونی حملہ آوروں کے نو سے زائد حملے ہوئے ان میں پہلا حملہ نادر شاہ ایرانی کا تھا جبکہ آخری حملہ احمد شاہ ابدالی کا آٹھواں حملہ تھا، ان بیرونی حملوں کے ساتھ شمالی برصغیر میں سکھوں اور مرہٹوں کی شورش کے ساتھ ساتھ خود مسلمانوں کے اندر انتشار اور باہمی کشمکش عروج تک پہنچ چکی تھی، علی حیدر اس اندھیرے میں روشنی کے متلاشی نظر آتے ہیں اور ایک مصرعے میں 'نظام الملک' کو علامت کے طور پر استعمال کر کے یہ اشارہ دیتے ہیں کہ شاید یہ شخص زوال پذیر مغل حکومت کو بچالے اس طویل عہد میں نظام الملک مغلیہ حکومت کا واحد لنگر نظر آتا ہے یہ وہی نظام الملک ہے جس نے دلی میں نادر کے قتل عام کو رکوانے کے لئے روشن الدولہ کی مسجد میں نادر شاہ کے حضور فریاد کی تھی کہ

کسے نہ ماند کہ او را بتیغِ ناز کُشی
مگر کہ زندہ کُنی خلق را و باز کُشی

بُلھے شاہ کی شاعری میں ۔۔"منلاں زہر پیالے پیتے"۔۔ سے زیادہ اتسرافیہ کا کوئی حوالہ نہیں مگر علی حیدر کے ہاں بادشاہ اور نظام الملک کا ذکر اور جھنگ کے نظام کا تذکرہ علی حیدر کی افتادِ طبع کا مظہر ہے، بقا کی خواہش یا امید ۔۔۔ مگر پس منظر میں عہد پر وہی تبصرہ موجود ہے جو اس عہد میں تصوّف اور مذہب اور حکمرانی کے متحارب مکاتیب میں ہم آہنگی اور اتحاد پیدا کرنے کی خواہش کے تحت اس عہد کے بہت بڑے صوفی اور عالم شاہ ولی اللہ (پ ۱۷۰۳ء) کرتے ہیں۔ شاہ ولی اللہ لکھتے ہیں۔

۔۔۔۔"ہمارے زمانے میں دو باتیں ایسی ہیں جن کا وجود اختلال تمدّن کا باعث ہے ایک تو یہ کہ بہت سے لوگوں نے دوسرے پیشوں کو چھوڑ کر اپنے آپ کو حکومت کے دامن سے وابستہ کر رکھا ہے اور ان کے معاش کا تمام تر بوجھ بیت المال پر پڑ رہا ہے بعض اُن میں سے سپاہی پیشہ ہیں بعض ان میں سے اپنے آپ کو اہلِ علم ہونے کی حیثیت سے اس کا مستحق سمجھتے ہیں کہ حکومت ان کے رزق کی کفیل ہے بعض ایسے ہیں جن کو انعام واکرام سے نوازنا اور ان کو بخشش اور صلہ دینا سلوک اور سلاطین کی عادت ہے مثلاً زاویہ نشین فقرا اور درباری شعرا۔ بعض ایسے بھی ہیں جن کو بھکاری کہنا مناسب ہے یہ لوگ کسی نہ کسی طرح بیت المال سے کچھ لے کر رہتے ہیں۔ الغرض وہ لوگ جن کے پیشِ نظر اپنا پیٹ بھرنا ہوتا ہے قطع نظر اس سے کہ حکومت اور سوسائٹی کی کوئی ضرورت اور مصلحت ان سے پوری ہوتی ہو یا نہ ہوتی ہو بیت المال پر ناجائز بوجھ ڈالنے ہی کا

باعث ہیں اور ایسے لوگوں سے جس قدر جلد ملک اور قوم کو نجات ہو اتنا ہی ملک و قوم کے لئے مفید ہے" —

شاہ ولی اللہ کے بیان کئے عوامل میں سے ایک متذکرہ بالا کی روشنی میں علی حیدر کے یہ مصرعے دیکھیں۔

ب بھی زہر جو کھا مرن کجھ شرم نہ ہندوستانیاں نوں
ایہناں بانکیاں ٹیڑھیاں ڈِنگیاں نوں ایہناں ترکیاں آکڑخانیاں نوں

"حجتہ اللہ البالغہ" میں شاہ ولی اللہ دوسری خرابی یہ بتاتے ہیں -

—"دوسری خرابی موجودہ تمدن کی یہ ہے کہ زمینداروں اور کاشتکاروں اہلِ صنعت و حرفت اور تجار پر حکومت نے بڑے بھاری ٹیکس لگا رکھے ہیں پھر طرّہ یہ کہ ان کے وصول کرنے میں ان کے ساتھ تشدد کیا جاتا ہے اس کا نتیجہ یہ ہے کہ وفادار اور مطیع فرمان رعیت ان ٹیکسوں کے بوجھ کے تلے دبی چلی جا رہی ہے اور ان کی حالت زبون سے زبون تر ہوتی جاتی ہے جس نے حکومت کے اس ناجائز بوجھ اور عمّال کے تشدّد سے تنگ آ کر باغیانہ روّیہ اختیار کر رکھا ہے کیونکہ وہ اپنے میں یہ طاقت محسوس کرتا ہے کہ وہ حکومت کا کامیاب مقابلہ کر سکے گا، بہرکیف تمدّن کی بہتر صورت یہ ہے کہ رعیت پر بہت ہی خفیف ٹیکس لگائے جائیں اور ان کے حقوق کی حفاظت کا پورا پورا خیال رکھا جائے" —

شاہ ولی اللہ جس صورت حال کا ذکر کرتے ہیں اس میں رعیت کے یا حاکم کے مذہب و ملت کا ذکر نہیں کرتے صرف رعیت اور حاکم کی تخصیص کرتے ہیں مگر ان سے پہلے مخصوص مذہبی گروپ اور اس گروپ کے زیر اثر اورنگ زیب ایسے حکمران اتنا کچھ

کر چکے تھے کہ اب شاہ ولی اللہ کا تجزیہ بہت ہی تاخیر کی بات نظر آتا ہے۔ جہانگیر کے عہد میں ہی شیخ احمد سرہندی نہ صرف ان نتائج پر پہنچ چکے تھے بلکہ ان پر عمل درآمد کے لئے شدید دباؤ بھی ڈال رہے تھے اور اورنگ زیب تک آتے آتے ان کا منصوبہ مکمل ہو چکا تھا۔ شیخ احمد سرہندی (مجدّد الف ثانی) "مکتوباتِ امام ربانی" میں لکھتے ہیں —— "اسلام کی عزت کفر اور اہلِ کفر کی خواری اور ذلّت میں ہے جس نے کفار کو عزت دی اس نے اسلام کو ذلیل کیا ..... غیر مسلموں کو کتّوں کی طرح دور رکھیں .... غیر مسلموں کے ساتھ کسی قسم کی مروّت اور انسانی سلوک نہیں کرنا چاہیئے .... ان پر تشدّد اور غیر انسانی سلوک مذہبی عبادت کا درجہ رکھتا ہے ..... غیر مسلموں سے جزیہ لینے کا اصل مقصد ان کی ذلّت و خواری ہے اور یہ ذلّت و خواری اس حد تک ہے کہ جزیے کے خوف سے اچھے کپڑے نہیں پہن سکتے اور اپنا بناؤ سنگھار نہیں کر سکتے اور ان کے اموال لے لینے کے خوف سے ہمیشہ ڈرتے اور لرزتے رہتے ہیں" ——

شاہ ولی اللہ نے جن ٹیکسوں کا ذکر کیا ہے ان کی تفصیل میں جانے کا یہ موقع نہیں تاہم علی حیدر کا ذہن بلکہ سارے پنجابی صوفی شاعروں کا ذہن بھی تمام تر مابعد الطبیعاتی آراء سے قطعِ نظر اس صورتِ حال کے باعث خاص نہج پر گامزن رہا:

م مذہب کیہہ پچھنا ایں تاضیا مینڈا ار الجھار کن ایمان دا ای
عشق امام، نماز محبت تے مُرلی حرف قرآن دا ای
دین مذہب نہیں ادا ایہناں عاشقاں دا تسبیح توڑ جھنجوگل پاؤندے نیں

شاہ ولی اللہ موجود حاکموں کو راہِ راست پر لانے کی اپنی سی کوشش کرتے ہیں مگر جب وہ اس میں مایوس ہو جاتے ہیں تو مشرق سے ابھرتے خطرے (ایسٹ انڈیا

کمپنی) کے پیشِ نظر مغرب سے چڑھی آندھی (احمد شاہ ابدالی) سے خیر کی توقع وابستہ کرتے ہیں اور احمد شاہ ابدالی کو برصغیر پر حملہ کرنے کی دعوت دیتے ہیں ایک موہوم امید پر۔ علی حیدر نادر شاہ کی یلغار کی شدید مذمت کرتے ہیں اور اصلاح کے لئے اپنوں کو ہی جھنجھوڑتے ہیں۔

بھیڑے بھر بھر دیون خزانے غارسیاں نوں ایرانیاں نوں
ہکے تاں کھاکٹاری مروجے سِکھو نہ مار ایرانیاں نوں

وارث شاہ احمد شاہ ابدالی کو "غیب سے آیا عذاب" سمجھ کر کہتا ہے ۔ "احمد شاہ ازغیب توں آپوسی آرتے رکھ جنڈیالے نوں جاسی آاو" ــــ لیکن علی حیدر احمد شاہ ابدالی کے بارے میں غیر معمولی طور پر خاموش نظر آتے ہیں حالانکہ جس شدت سے انہوں نے نادر شاہی یلغار کی مذمت کی ہے اس کا لازمی اور منطقی نتیجہ یہ ہونا چاہیئے تھا کہ وہ احمد شاہ ابدالی کی بھی اسی شدت سے مخالفت کرتے مگر ایسا نہیں۔ یہ ایک عجیب وغریب سمجھوتے کی فضا بن جاتی ہے، کچھ ایسی کیفیت شاہ ولی اللہ کی بھی ہے اگرچہ وہ زیادہ فعال ہے ــــ بہرحال اسی نوع کے سمجھوتے فکری سطح پر علی حیدر نے کئے ہیں اور ان کی شاعری میں اس کا واضح اظہار ہے وہ منصور کے بارے میں تو کھُل کر بات کرتے ہیں مگر اپنے ہم عصر شعرا کی محبوب شخصیت سرمد کا ذکر کہیں نہیں کرتے۔

جے منصور انا الحق آکھیا ہا جانشین اوہا سردار دا ای

ملّا اور قاضی سے علی حیدر کا رویّہ تقریباً وہی ہے جو وحدت الوجود والے صوفیا کا چلا آرہا ہے۔

ر۔ رکھ مُلّاں کنز قافیئے نوں ایتھے مینئے تے کینئے دی حبا ناہیں
ایتھے عشق دا مسئلہ کھلدا اے پڑھ آیتاں نص سناناہیں

حیدرؔ مُلّاں نوں فکر نماز دا اے ایہناں عاشقاں طلب دیدار دا اے

عشق توں جیاں شرع دے قاضی کھارے نہیں انہیڑے دے
بھانویں کافر آکھ تے بھانویں مسلم پروَت ایہہ ہر ہر۔ توں ہیں توں ہیں

ن نہ شیخ مشائخ قاضی نہ ملاں بھی تینڈی دے سائیں۔ منگتی او

نادر شاہ ایرانی اور احمد شاہ ابدالی کے بارے میں علی حیدر کے روّیے کی جھلک صوفیوں کے دو متحارب مکاتیبِ فکر کے سلسلے میں ان کے روّیے میں بھی ملتی ہے۔ عالم، فاضل، ملا اور قاضی کے بارے میں جہاں وہ بعض جگہ کھُل کر بات کرتے ہیں وہاں وہ کسی غیر معمولی دباؤ کی کیفیت میں بڑا معذرت خواہانہ انداز بھی اختیار کر لیتے ہیں:

پر اہلِ علوم دی عزت رکھن واجب ہے سنسار اُتے
حیدر علماً وارث انبیا کون ہووے انکار اُتے

علی حیدر مذہب اور تصوّف کے دو متحارب فکری ارتقاؤں کے ٹکراؤ اور اس سے پیدا شدہ سماجی، سیاسی اور معاشی بے یقینی کے عہد میں سانس لیتے رہے ہیں۔ تصوّف کے سلسلے میں ان کے ہاں شاہ عبدالقادر جیلانی، خواجہ معین الدین چشتی،

حضرت میراں حسین ابن منصور حلاج کا ذکر ملتا ہے، پھر بابا فرید الدین گنج شکرؒ اور بابا چاولی مشائخ کا بالواسطہ ذکر ہے۔ چاولی مشائخ کے بارے میں اولاد علی گیلانی "اولیائے ملتان" میں لکھتے ہیں"۔ روضہ مبارک موضع چاولی مشائخ (تحصیل میلسی ضلع ملتان) میں محمود غزنوی نے تعمیر کرایا اور چند گاؤں جاگیر میں دیئے جہانگیر بادشاہ نے اپنے عہد میں روضہ کی مرمت کرائی، آپ کے مزار پر انوار پر بڑے بڑے صاحب کمال بزرگ یعنی حضرت بابا فرید گنج شکرؒ، حضرت شیر شاہ، سید جلال بخاری، حضرت بہاء الحق ذکریا ملتانی، حضرت لال شہباز قلندر حاضر ہو کر کسب فیض کرتے رہے"۔——

حضرت عبدالقادر جیلانی سے لے کر لال شہباز قلندر اور فرید گنج شکرؒ تک کا سلسلہ قادریہ اور چشتیہ سلسلہ سمجھا جاتا ہے اس میں قلندریہ اور ملامتیہ والے بھی شامل ہو جاتے ہیں۔ علی حیدر کے ہاں ان کے حوالوں سے صرف ایک نتیجہ نکلتا ہے کہ وہ تصوف کی اس روایت سے منسلک رہے جو آزاد خیالی کی حوصلہ افزائی کرتی ہے، بادشاہ کے دربار اور واعظ کے منبر سے بیک وقت برگشتہ ہے، یہ مکتب فکر شیخ شرف الدین یحییٰ منیری، سید محمد جونپوری، شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور شیخ احمد سرہندی کے مکتب فکر کے بالکل برعکس تھا، پنجابی شاعری کی جو روائت شیخ فرید گنج شکر سے چل کر شاہ حسین، سلطان باہو، خواجہ فرد فقیر، مقبل ، چراغ اعوان، صدیق لالی، شاہ شرف بٹالوی، بلھے شاہ اور علی حیدر تک پہنچی وہ اسی اوّل الذکر مکتب فکر کی حامل ہے، کہیں شدت کے ساتھ اور کہیں معتدل انداز میں،

علی حیدر کو وراثت میں جو پنجابی شعری روائت ملی تھی اس کے ساتھ ساتھ پنجابی کی ہمسایہ زبانوں میں تقریباً یہی روایت رہی اور اس کے ہم عصروں کی اکثریت اسی سلسلہ

سے منسلک تھی، سندھی میں شاہ لطیف بھٹائی (۱۷۵۱ء - ۱۶۹۰ء) صاحب ڈینو فقیر (۱۷۹۶ - ۱۶۹۷ء) اور روحل فقیر (۱۷۹۷ء - ۱۶۹۶ء) پنجابی شاخ ہندکو میں سائیں غلام ہزاروی، سائیں شادا، اُردو میں ولی دکنی، مبارک آبرو سراج دکنی، میر سوز، میر درد، میر اثر، نثر میں کربل کتھا والے فضل علی فضلی، عجائب القصص والے شاہ عالم ثانی اور قرآن کا ترجمہ کرنے والے شاہ عبدالقادرؒ ——

اس مکتبِ فکر کی ترجمانی علامہ اقبالؒ کا ایک شعر کرتا ہے۔

اگر ہو عشق تو ہے کفر بھی مسلمانی ــــ نہ ہو تو مردِ مسلماں بھی کافر و زندیق

چنانچہ علی حیدر اس مسلک کا اظہار یوں کرتے ہیں۔

حیدر وارے جائیے ایہناں عاشقاں دے جنہاں کفر وچوں کیتا رب صحی

ع عشق کینے ہوہ عشق دی تھیں کرسی ہو حیران کھلو رہی

ع عشق جنہاں دڑے خیال پیا مسجد چھوڑ، کتاباں ٹھپ گئے نی

ع: عشق ماہی دی بھبھٹی تپدی، تپدی تے بھاہ بھاہ کرے
عاشق سڑدے تے تڑتڑ کردے باہر عشق پیا واہ واہ کرے
سلمان بھٹیاری دا بھبھڑ جھوکے اتے سنگ مچھیانی دے دیاہ کرے
جنہاں اپنا آپ ماریا وے حیدر تیری جنت دی کیہہ پرواہ کرے

علی حیدر کا شاعرانہ طرزِ فکر اس ایک نکتے کے ارد گرد گھومتا ہے اور مرزا صاحباں ہیر رانجھا، یوسف زلیخا، سسی پنوں، لیلیٰ مجنوں، شیریں فرہاد اور بندرابن کے موہن کے حوالے سے وہ عشق کی واردات کو شعر کا روپ دیتے چلے جاتے ہیں - علی حیدر فراق کی تمام صورتوں کو خود خالق ہی کی تخلیق کردہ قرار دیتے ہیں اور اسے خالق کا تماشہ قرار دیتے ہیں - یوں تو اس مکتبِ فکر کے تمام صوفی شعرائے کے ہاں رسول اکرمؐ سے بے پناہ وابستگی کا اظہار ملتا ہے اور بعض تو رسول اکرمؐ میں نہ جانے کیا کیا دیکھتے ہیں لیکن علی حیدر کسی حد سے تجاوز نہیں کرتے اور بار بار رسول اکرمؐ کا ذکر اس انداز میں کرتے ہیں گویا کسی الزام سے بچنے کی کوشش کر رہے ہوں۔

یا ربّ محمدؐ الوسیلہ، حیدر وڈا وسیلڑا اے

رنگن چڑھی وے حیدر رسول دالی جنہاں رینا سی سوئی رپ گئے نی

من محمدؐ من وچ لبھیں حق تعالےٰ ذوالمنن

م - محمدؐ مست کیتا مینوں میم شراب دا مٹ تھیا

م - محمدؐ مولیٰ دے کولوں اساں کیہا ہول حساب دا ای

جیں دا صاحب ہووے مصاحب شاہ داتاں کیہا خوف حساب دا ای

الف احمد وچ میم دا گھونگھٹ چھپن چھوت دراز تھیا
وحدت دے دریا اندر علی حیدر میم جہاز تھیا

اساں وچ رسولاں دے رانجھن ڈٹھا اساں قسم عرش عظیم دی اے
اوہدے موڈھے مزمل دا کمبل آہا اتے ہتھ کھونڈی حامیم دی اے
علی حیدر رانجھن اج پچھاتا اوہ تے ظاہر صورت میم دی اے

ظاہر جیویں بہار گلاں توں، حق تیوں سنسار کنوں
یا وَت جیویں نبوّت حیدر اوس نبی مختارؐ کنوں

وحدت الوجود کا جو تصور علی حیدر کے ہاں ہے اس کی بھرپور نمائندگی یہ شعر کرتے ہیں۔

م۔ محمد کُن بنایا، کُن بنائی وحی او یار
اربع عناصر بُت بنا کے وچ اوہدے وڑ بہیں او یار
میں ہاں لوہا توں ہیں پارس نال اساڈے کھہیں او یار
علی حیدر ایہہ گنج وحدت والے لبس بھی ہوندے نہیں او یار

یہاں بُلھے شاہ اور علی حیدر میں ایک اہم قدرِ مشترک پیدا ہوتی ہے جسے اسلوب کی قدرِ مشترک کہا جاسکتا ہے، ورنہ علی حیدر کا اسلوب اور علی حیدر کی

"میں" بلھے شاہ کی "میں" اور اسلوب سے بڑی حد تک مختلف ہے، بُلھے شاہ، شاہ حسین، سلطان باہو، بابا فرید اپنے اظہار کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے یا یوں کہہ لیجئے کہ اپنی ذات کے شعری اظہار کے بارے میں متردّد نہیں ہیں، گویا وہ اپنی شاعرانہ حیثیت کو زیادہ اہمیت نہیں دیتے جبکہ علی حیدر اپنے دوسرے ہم عصر وارث شاہ کی طرح اپنے فن کی اہمیت جتاتے ہیں۔

علی حیدر تینڈڑے شعر کنوں ایہہ چوترہ دلّی تے آگرہ ہے

الف ایہہ شاعری مینڈڑی دلبر بھاویں بھونکنا تے جھک مارنا اے
ایہہ مدح اساڈی تریل سمندر نوں تر ڈکنا تے جھک مارنا اے

د۔ دوہڑے آکھاں میں جگ والے رو رو جگ ہسادن نوں
متاں یار سُنے تے ہاسا کرے مینڈا روح تھیا کھنڈ کھاون نوں


پنج سی حرفیاں آکھیاں حیدر پنجے گنج معانی دے نیں
جاہلاں نوں ایتھے بار نہیں ایہہ سر حقائق دانی دے نیں
ایہہ دوہڑے ویکھ کے بُھل نہیں ایہہ قاصد دلبر جانی دے نیں
ایہہ شارح قول انا الحق دے اتے معنی بھی اعظم شانی دے نیں
ایہہ نعتاں جو سبھ محمدؐ دایاں حمد خُدا سبحانی دے نیں

علی حیدر اٹھارہویں صدی کے سیاسی، سماجی، اور مذہبی انتشار بلکہ عذاب کے عہد میں اپنے شعر کے ذریعے انا الحق کی شرح کرتے رہے اور کہتے رہے کہ

ع - علم دا پڑھنا نیک بھوؤں پر عشقے دی بات انوکھڑی اے

علی حیدر کے عہد میں یہی "عشق کی انوکھی" بات ہر شعبہ سے عنقا ہوگئی تھی۔

✻


مقبرہ حضرت میاں علی حیدرؒ
موضع قاضی غالب
تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ، ضلع فیصل آباد
پیر محل سے جانب غرب ۱۵ میل
سندیلیانوالی سے جانب جنوب ۳ "
عبدالحکیم سے جانب شرق ۱۵ "
شمال
جنوب
مغرب
مشرق
ضلع جھنگ
ضلع ساہیوال
ضلع ملتان
دریائے راوی
تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ
تحصیل فیصل آباد
تحصیل جڑانوالہ
تحصیل سمندری
ٹوبہ ٹیک سنگھ
گوجرہ
لائل پور
جھنگ کو
ڈجکوٹ
سمندری
تاندلیانوالہ
جڑانوالہ
کھڑیانوالہ
لاہور کو
چک جھمرہ
رجانہ
پیر محل
کمالیہ
ماموں کانجن
کنجوانی
بھسی
قاضی غالب
سندیلیانوالی
عبدالحکیم
مزار حضرت میاں علی حیدرؒ
علامات
ریلوے لائن
پکی سڑک
حد تحصیل
دریا
مقبرہ

کچھ متن اور ترجمہ کے بارے میں

علی حیدرؒ اپنے عہد کے نامور شاعر اور صوفی تھے، تین دوسرے بڑے پنجابی شاعروں بلھے شاہ، سچل سرمست اور وارث شاہ کے ہم عصر، صوفیا میں بھی ان کو بلاشبہ ممتاز مقام حاصل رہا، علامہ اقبال کا پنجابی کے معروف رسالہ "سارنگ" میں ان کی زندگی میں جو انٹرویو چھپا۔ اس میں بھی علامہ نے علی حیدرؒ کا ذکر کیا اور حضرت علامہ ہی کے ہم عصر گولڑہ شریف کے پیر مہر علی شاہ صاحبؒ نے اپنی ایک اردو غزل میں ان کا ذکر یوں کیا۔

ے دلا کس کی لگن میں پھرتا ہے وحشی تو بن بن میں
پٹن میں منٹگمری میں، علی حیدرؒ کے موطن میں

"ابیات علی حیدرؒ" کے ایک مترجم غلام رسول حسرت نے یہ بھی لکھا ہے کہ حضرت مہر علی شاہ علی حیدرؒ کے مزار پر حاضری دیا کرتے تھے۔ ان حقائق کے باوجود حیرت ہوتی ہے کہ علی حیدرؒ کے پنجابی اور فارسی کلام کی طرف اس سطح پر کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ سنت سنگھ

اور گلاب سنگھ نے ستر اسی سال پیشتر ان کی چھ "سی حرفیاں" چھاپیں۔ جو، املا کتابت اور طباعت کے لحاظ سے ناقص تھیں "اللہ والا کی قومی دکان" کے ملک فضل الدین نے بعد میں حضرت علی حیدر کے گاؤں کا سفر اختیار کیا۔ سجادہ نشیں غلام میراں سے ان کا پنجابی اور فارسی کلام حاصل کیا اور ۱۳۲۵ھ یعنی پورے پچھتر سال پیشتر "مکمل مجموعہ ابیات علی حیدر" کے نام سے چھپوایا۔ ملک فضل الدین کے پنجابی زبان پر بہت احسان ہیں۔ جن میں سے ایک احسان ابیات علی حیدر بھی ہے (علی حیدر کے فارسی کلام کا کچھ پتہ نہیں چلتا) ملک فضل الدین نے اس عہد کے پنجابی کے نامور شاعر میاں ہدایت اللہ سے ابیات کے متن کی صحت کے سلسلے میں مدد حاصل کی، میاں ہدایت اللہ نے پنجابی میں اس پر تقریظ بھی لکھی۔ جس کے تین شعر ہیں۔

علی حیدر ساکن موضع قاضیاں دا ضلع اوس دا خاص ملتان سائیں
عاشق رب رسولؐ دا جاپدا اے مرد گزریا اہلِ عرفان سائیں
ہویا حکم ظن المومنین خیرا کرن نیک نہ بُرا گمان سائیں
فضل الدین قومی ہے لاہور اندر تاجر کتب سعید جوان سائیں
علی حیدر دے شعر سب جمع کریئے آیا اوس نوں ایہہ دھیان سائیں
سفر جھاک پہونتا موضع قاضیاں اوہ، بھلے اس نے کل مکان سائیں

اس کے بعد مرحوم ڈاکٹر فقیر محمد فقیر نے پنجابی ادبی اکیڈمی کے لئے ۱۹۶۳ء میں علی حیدر کی ابیات ترتیب دے کر شائع کیں مگر فضل الدین کے متن کو ہی بنیاد بنایا۔ یہ بھی کہا کہ علی حیدر کے بے شمار مشہور دوہڑے اس کتاب میں شامل نہیں۔ اس لئے یہ نسخہ (ڈاکٹر فقیر کا مرتب کردہ) بھی نامکمل ہے۔

اس نامکمل نسخے میں بھی متعدد خرابیاں موجود ہیں۔ بعض فنی سقم بھی ہیں بہرحال

پنجابی کے دو بڑے شاعروں میاں ہدایت اللہ اور ڈاکٹر فقیر محمد فقیر نے جس متن کے چھپنے کی اجازت دے دی مجھے اپنے ترجمے کی بنیاد اسی پر رکھنا پڑی، گویا بعض سقم میں نے ورثے میں لئے اور انہیں قبول کر لیا۔

ملک فضل الدین کے ۱۳۲۵ھ اور ڈاکٹر فقیر کے ۱۹۶۳ء والے متن میں ترتیب کے لحاظ سے کوئی خاص فرق نہیں۔ ملک فضل الدین نے پہلے چھ سی حرفیاں اور بعد میں اشعارِ متفرقات چھاپے ہیں آخر میں قصہ "ہیر ورانجھا" ڈاکٹر فقیر نے متفرق اشعار یا ابیات پہلے پھر سی حرفیاں اور آخر میں "ہیر ورانجھا"۔ متفرق اشعار چونکہ سی حرفی کے انداز میں ہیں (حروفِ تہجی کے تحت ہر حرف کی پٹی میں پورے اشعار) اس لئے میں نے نعت اور نظمیں الگ کر لی ہیں اور باقی متفرق اشعار اور سی حرفیوں میں حروفِ تہجی کے مطابق انتخاب کر کے ترجمہ کیا ہے۔ یعنی الف کی پٹی میں متفرق اشعار سے اور سی حرفیوں کی الف کی پٹی سے بھی اشعار کا انتخاب شامل ہے اور اسے "الف" کے عنوان کے تحت اکٹھا کر دیا ہے۔

علی حیدر کے ہاں نظم، دوہڑا اور کافی تینوں اصناف واضح صورت میں ملتی ہیں مگر چونکہ انہیں یہ عنوان نہیں دیا گیا۔ نہ ہی اس بنیاد پر کلام کو تقسیم کیا گیا ہے۔ اس لئے میں نے بھی ایسی تقسیم سے گریز کیا ہے۔

ترجمہ کرتے وقت اصل کے قریب تر رہنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ ترجمہ اصل کو پڑھنے میں مدد دے۔ نہ یہ کہ اصل کو نظر انداز کر دیا جائے۔ وزن، بحر اور اردو لفظوں کا تلفظ بھی اصل کے قریب تر ہے۔ قافیہ بھی تقریباً وہی رکھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ وہ لفظ جو کبھی اردو زبان کے شعری اور نثری سرمایہ کا اہم حصہ تھے مگر بعد میں دلی اور لکھنؤ میں متروک سمجھے گئے، استعمال کئے گئے ہیں۔ اس ضمن میں جمیل جالبی کی مرتب کردہ

"قدیم اردو لغت" سے مجھے بڑی مدد ملی۔ ہاں سی حرفی کی طرح ہر قطعہ، بند، دوہڑے یا بیت کے پہلے حرف کی ترجمہ میں پابندی نہیں کی گئی۔ کہیں کہیں ضرورت شعری کے تحت انہیں اردو مصرعے کا حصہ بنالیا گیا ہے۔ جس طرح علی حیدر کے دوہڑہ (چھوٹا یا بڑا) کا ہر مصرعہ قافیہ کا پابند ہے۔ اسی طور ترجمے میں بھی پابندی رکھی گئی ہے۔ علی حیدر پنجابی کے غالباً پہلے شاعر ہیں جنہوں نے لفظ کے استعمال میں کمال صنعت کا مظاہرہ کیا ہے۔ یہ معاملہ زبان کا ہے اور اسے کسی دوسری زبان میں ڈھالنا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔ اس عالمی عجز کا مجھے اعتراف ہے۔

کتابیات

۱	مکمل مجموعہ ابیات علی حیدر	مرتب ملک فضل الدین
۲	مجموعہ سی حرفیاں ہیر	منشی گلاب سنگھ
۳	ابیات علی حیدر	ڈاکٹر فقیر محمد فقیر
۴	لعل ہیرے	غلام رسول حسرت
۵	مہکدے پھل	ڈاکٹر فقیر محمد فقیر
۶	سرائیکی شاعری	کیفی جام پوری
۷	تصوف تے پنجابی دے صوفی شاعر	پروفیسر سرفراز حسین قاضی
۸	وحدت الوجود تے پنجابی شاعری	سید علی عباس جلالپوری
۹	کلاسیکی ادب	ڈاکٹر غفران سید
۱۰	لعلاں دی پنڈ	مرتب اقبال صلاح الدین
۱۱	پنجابی ادب دی کہانی	عبدالغفور قریشی

۱۲	سرائیکی لوک گیت	ڈاکٹر مہر عبدالحق
۱۳	پنجابی دے صوفی شاعر	ڈاکٹر لاجونتی رام کرشن
۱۴	تاریخ ادبیات مسلمانانِ پاکستان و ہند	مرتب: فیاض محمود
۱۵	برِصغیر میں مسلم فکر کا ارتقار	قاضی جاوید
۱۶	پنجابی شاعراں دا تذکرہ	مولا بخش کُشتہ
۱۷	تاریخِ پنجاب	اقبال صلاح الدین
۱۸	دورِ مغلیہ	صلاح الدین ناسک
۱۹	نادر دی وار	نجابت
۲۰	اُردو کے خوابیدہ الفاظ	مرکزی اردو بورڈ
۲۱	قدیم اُردو کی لُغت	ڈاکٹر جمیل جالبی
۲۲	سندھی اردو ڈکشنری	ڈاکٹر نبی بخش خاں بلوچ ڈاکٹر غلام مصطفٰے خان
۲۳	مہر علی شاہؒ	کرم حیدری
۲۴	پنج رنگ	شفیع عقیل

کُوڑا گھوڑا، کُوڑا جوڑا، کُوڑا شاہ اسوار
کُوڑے باشے، کُوڑے شکرے، کوڑے میر شکار
کُوڑے ہاتھی، کُوڑے لشکر، کوڑے فوج کٹار
کُوڑے سُوہے، کُوڑے سالو، کُوڑے سوہنے یار
کُوڑے چُوڑے، کوڑے بیڑے، کوڑے ہار شنگھار
کوڑے کوٹھے، کوڑے ممٹ کوڑے ایہہ سنسار
حیدر آکھے سب کجھ کُوڑا، سچا ہک کرتار
دوا نبی محمدؐ سچّا، سچے اُس کے یار

جھوٹا گھوڑا، جھوٹا جوڑا، جھوٹا شاہ اسوار
جھوٹے باشے، جھوٹے شکرے، جھوٹے میر شکار
جھوٹے ہاتھی، جھوٹے لشکر، جھوٹی فوج کٹار
جھوٹے سوہے، جھوٹے ساوے، جھوٹے سوہنے یار
جھوٹے چوڑے، جھوٹے بیڑے، جھوٹا ہار شنگھار
جھوٹے کوٹھے، جھوٹے ممٹ، جھوٹا یہ سنسار
حیدر کہے یہ سب کچھ جھوٹا، سچا اک کرتار
دوجا نبی محمدؐ سچا، سچے اس کے یار

نعت

اللہ دے دربار میں گُوکاں لا رسُول خدا دے
سبھ سلام صلواتاں تینڈے بھا رسُول خدا دے
کیوں کر آکھے گولی آ وَلا رسُول خدا دے
دفتر سبھ گناہواں دے دُھلا رسُول خدا دے
مال اساڈا چوراں توں ولا رسُول خدا دے
حیدرؔ دے سر پگڑی آ ولا رسُول خدا دے

کتھے دیندا چور مُہار ولا رسُول خدا دے
کیوں کر آکھے کو بجا، آ ولا رسُولِ خدا دے
دے دیدار سہارا آ وکھا رسُولِ خدا دے
بن پانی مچھی مردی آب پوا رسُولِ خدا دے

نعت

اللہ کے دربار پکاروں لا رسول خدا کے
تجھے ہی سب صلوٰۃ سلام روا رسول خدا کے
بندی کیسے کہے کہ ملنے آ رسول خدا کے
پاپ کے سارے دفتر دے دُھلا رسول خدا کے
مال ہمارا چوروں سے دلوا رسول خدا کے
دستار حیدر کے سر بندھوا رسول خدا کے

چور کہاں دے مال کو واپس لا رسول خدا کے
کم رو کیسے کہے کہ مُکھ دِکھلا رسول خدا کے
دے دیدار سہارا بن کر آ رسول خدا کے
ماہی ہوں بے آب کہ آب پلا رسول خدا کے

شوق تینڈے دا ویلا گیا وہا رسول خدا دے
سوہنا مکھ مبارک آ دکھا رسول خدا دے
ٹُک انگوری چلی مینہ وسا رسول خدا دے
ناؤں خدادے کوہجی اُتے آ وسا رسول خدا دے
نوشہ رُٹھا ورہیاں دا آمنا رسول خدا دے
ڈُھدی ویندی بیڑی بنے لا رسول خدا دے
اللہ مولا اگے کر دُعا رسول خدا دے
رافضیاں نوں مارے آپ خُدا رسول خدا دے
فارسیاں دی آتش بھڑ وسما رسول خدا دے
رافضی ہوئے غالب توں ہٹا رسول خدا دے
نوبت مُتے دینے دی وجا رسول خدا دے
رافضیاں دے سر تے تیغ وگا رسول خدا دے
اللہ مولا کولوں نصیر دوا رسول خدا دے
لشکر لگیاں تیغاں خیر کرا رسول خدا دے
چھپر دے سر کپڑ توں وسا رسول خدا دے
جھیڑیوں جھگڑیوں خوشی وکھا رسول خدا دے
نازک ویلا وو ول مکے آ رسول خدا دے

گزر نہ جائے تیرا شوق سما رسول خدا کے
سوہنا مکھ مبارک آ دکھلا رسول خدا کے
پیاس مٹے دھرتی کی مینہ برسا رسول خدا کے
رحمت کا مینہ نام خدا برسا رسول خدا کے
برسوں سے روٹھے نوشہ کو منا رسولِ خدا کے
بھنور میں کشتی، ساحل پرلے آ رسول خدا کے
اللہ بچالے تو جو کرے دُعا رسول خدا کے
رافضیوں کو مارے آپ خدا رسول خدا کے
آتش کدۂ فارس آپ بُجھا رسول خدا کے
رافضیوں سے ہمیں نجات دلا رسول خدا کے
سوئے دین کی نوبت پھر بجا رسول خدا کے
رافضیوں کے سر پہ تیغ چلا رسول خدا کے
اللہ مولا سے تو خیر دلا رسول خدا کے
تیغیں چمکیں ان سے ہمیں بچا رسول خدا کے
ان کی جانب اِک سیلاب بلا رسول خدا کے
ان جھگڑوں جوکھوں سے ہمیں بچا رسول خدا کے
نازک وقت ہے پھر گلے کو آ رسول خدا کے

ہوا سوار تے گھوڑا وچ وگا رسول خدا دے
وجیا مارو، پلو نوں توں پھرا رسول خدا دے
بھڑکی آتش اُتے پانی پا رسول خدا دے
پربت کیونکہ والے آولا رسول خدا دے
ذمہ حیدر عاجز دا توں چا رسول خدا دے

گھوڑا اس میدان میں اب دوڑا رسول خدا کے
طبل بجا ہے، تو پرچم لہرا رسول خدا کے
بھڑکی آگ پہ پانی بن کر آ رسول خدا کے
کوہ سوال کے کیسے ہٹیں، ہٹا رسول خدا کے
حیدر عاجز کو تو ہی بخشا رسول خدا کے

گنج معانی دے

پنج سی حرفیاں آکھیاں حیدر پنجے گنج معانی دے نیں
وانگ حروفِ مقطع دے ایہہ راز رموز نہانی دے نیں
جاہلاں نوں ایتھے بار نہیں ایہہ سرّ حقائق دانی دے نیں
ایہہ گھُجیاں رمزاں عشقے والیاں معنی حرف مبانی دے نیں
ایہہ ہندسہ ویکھ کے مُہمل نہیں ایہہ قول جلال دیوانی دے نیں
ایہہ گالھیں زلیخا والیاں نیں اتے قصّے یوسف ثانی دے نیں
ایہہ دوہڑے ویکھ کے مہمل نہیں ایہہ قاصد دلبر جانی دے نیں
ایہہ شارح قول انا الحق دے اتے معنی اعظم شانی دے نیں

گنجِ معانی

پنج سی حرفیاں حیدر کی ہیں پانچوں گنج معانی کے
مثل حروفِ مقطع یہ ہیں راز رموز ، نہانی کے
جاہلوں کو یہاں بار نہیں ہیں سِرِ حقائق دانی کے
عشق کی گہری رمزیں ہیں معنی ہیں حرفِ مبانی کے
یہ ہندسہ دیکھ کے بھول نہیں ہیں قول جلال دوانی کے
یہ سارے سخن زلیخا کے یہ قصّے یوسفِ ثانی کے
یہ دوہڑے دیکھ کے بھول نہیں ہیں قاصد دلبر جانی کے
شارح قول انا الحق ہیں، یہ معنی اعظم شانی کے

ایہہ گالھیں ضعف تے پیری دیاں اتے شعلے عشق جوانی دے نیں
ایہہ گجھڑے ہاسے لعل لباں دے تے غمزے نگہہ مستانی دے نیں
ایہہ سوہنے راہ خدا دے نیں اَتے باعث امن امانی دے نیں
ایہہ توشے منزلِ عُقبیٰ دے اتے پرچے دنیا فانی دے نیں
ایہہ نعتاں سب محمد والیاں حمد خُدا سبحانی دے نیں
ایہہ قلقل شیشے شراب دے نیں اے ہاہو بزم شہانی دے نیں
ایہہ گھن پیالہ تے دیوی ساقی، پئو مٹھی میری ہانی دے نیں
ایہہ چھُن چھن چوڑے نیوروی اتے ہیٹ اس من بھانی دے نیں
ایہہ گھوکدے گھونگھر ولاٹواں وانگ پھیریاں تے کردانی دے نیں
"ہائے پیا، مورا جیئو گیا"، ایہہ دھریت مطرب آنی دے نیں
"نہ ول سائیں بھیوپرے" ایہہ ناز پری ملتانی دے نیں
"کون بھلا کسے دیس کا تیں"، ایہہ آکھے ہندوستانی دے نیں
"کیست بزلفم دست زند" ایہہ شوخ سخن مغلانی دے نیں
"اذھب انت الیٰ من تہویٰ، نیک سخن عربانی دے نیں

یہ باتیں ضعف اور پیری کی یہ شعلے عشق جوانی کے
یہ لعل لبوں کی مسکانیں غمزے ہیں نگہہ مستانی کے
یہ راہ نمائے راہِ خُدا ، یہ مامن امن امانی کے
یہ توشہ منزل عقبیٰ کا اور پرچے دنیا فانی کے
یہ نعتیں سب ہیں محمد کی ، یہ حمد خدا سبحانی کے
یہ قلقلِ شیشۂ مے بھی ، ہا و ہو بزمِ شہانی کے
لے ساقی سے پکڑ پیالہ ، پی ، شیریں مرے ہانی کے
یہ چھَن چھَن چوڑے نیور کی اور سپٹ اس من بھانی کے
یہ گھوکتے گھنگھرو لاٹو سے ، جوں پھیرے ہیں گردانی کے
"ہائے پیا مورا جئو گیا" ، یہ دھرپد مطرب آنی کے
"نہ ول سائیں مقیو پرے" ، یہ ناز پری ملتانی کے
"کون بھلا کس دیس کا تیں" یہ بول ہیں ہندوستانی کے
"گیست بزلفم دست زند" یہ شوخ سخن مغلانی کے
"اذہب انت الی من تہوی" نیک سخن عربانی کے

"وڈا ہو ویں مینوں ہتھ نہ لاویں" ایہہ مان جٹی چوچکانی دے نیں
"چھوڑ وے نینگر بانہہ میڈی" دلی داؤ عادل پٹھانی دے نیں
چھن چھن چوڑا تے گھُم گھُم چاٹی، ایہہ گھمکار، مدھانی دے نیں
علی حیدر ہتھ جے لکھن آوے تاں مطلب ایس نمانی دے نیں

”وڈا ہوویں مینوں ہتھ نہ لاویں“ یہ مان جٹی چوچکانی کے
”چھوڑ وے نینگر، بانہہ مینڈی“ یہ داؤ ہیں نیک پٹھانی کے
چھن چھن چوڑا گھم گھم چپاٹی، یہ گھمکار مدھانی کے
حیدر مکھن ہاتھ لگے ، ہیں مطلب یہی نمانی کے

کجھ شرم نہ ہندوستانیاں نوں

ب بھی زہر جو کھا مرن کجھ شرم نہ ہندوستانیاں نوں
کیا حیا ایہناں راجیاں نوں کجھ بچ نہیں تورانیاں نوں
بھیڑے بھر بھر دیون خزانے فارسیاں نوں خراسانیاں نوں
وچ چھُونیاں دے نک بُڈو جے ہو نہ ودھیاپانیاں نوں
ہکے تاں کھا کٹاری مرو، جے سِکھو نہ مار ایرانیاں نوں
ایہناں توپچیاں، زنبورچیاں نوں ایہناں برقندازاں بانیاں نوں
ایہناں بانکیاں ٹیڑھیاں ڈنگیاں نوں ایہناں ترکاں آکڑخانیاں نوں
ایہناں بلپچھی بازاں بزاریاں نوں ایہناں فیل تداں افغانیاں نوں
ایہناں بتی کشتی گیراں نوں ایہناں تیر انداز کمانیاں نوں
حیدر آکھ توں ایہناں ہیجڑیاں نوں ایہناں حیضاں نامردانیاں نوں

کچھ شرم نہ ہندوستانیوں کو

یہ زہر ہی کھا کر مر جاتے کچھ شرم نہ ہندوستانیوں کو
غیرت نہ رہی ان راجوں میں کچھ لاج نہیں تورانیوں کو
ہے ظلم خزانے دیتے ہیں، خراسانیوں کو ایرانیوں کو
چُلّو بھر پانی میں ڈوب مرو گر خوں شرمائے پانیوں کو
یا مار کٹاری مر جاؤ یا زیر کرو ایرانیوں کو
ان توپچیوں، زنبورچیوں، ان برقندازوں بانیوں کو
ان بانکے ترچھے، ٹیڑھوں کو ان ترکوں آکڑخانیوں کو
ان پلٹی بازبزاریوں کو ان فیل قدوں افغانیوں کو
ان تبتی کشتی رانوں کو، ان تیر انداز کمانیوں کو
کہہ حیدرؔ خواجہ سرا ان کو، ان حیضوں نامردانیوں کو

الف

الف اسیں کجھ نہ سی کُن کُن پیا میتا کجھ کیتو   فیکون تھیا
ہووے زیر زبر پیش کُن کُن غینڈے کُن کُن گوناگوں تھیا
وجیا مارو عشق اولے دا سدھ بدھ تے ہوش جنون تھیا
ہک عاشق ہک معشوق تھئے اینویں عالم جُونا جون تھیا
آرسیاں تھی چونیاں والڑی جلوہ نمابے چون تھیا
بے بے لیلیٰ نوں دل بینڈے قیس کھڑا مجنون تھیا
تیشہ تھیا ایہو شیریں سخن فرہاد نمانڑا خون تھیا
اس کُن دے کاف دی کھنڈی بنی اس کھنڈی دا سر نون تھیا
ہو گیاں بیلے نوں مہیں رانجھن تے ہیرے دا حال زبون تھیا
لے وگیا مرزا صاحباں نوں ساری جنج دا شان زبون تھیا
چڑھدیاں کھارے ڈھکدیاں جنجاں ایہہ عشق دا فن فنون تھیا
اوہ قلیئے پلاؤ، شیرینیاں بھی سب پھٹاں اتے لون تھیا
ہے ہے مَلیاں واہراں تے ٹُرجاندڑے دا سر خون تھیا
صاحباں بھی تُرٹ ماری توں موئی حیدر کُن فیکون تھیا

الف ابھی ہم بھی نہ تھے جب گونجا کُن کیا یار نے فیکون ہوا
مرے چاروں اور تھیں، زیر زبر کہاں کیا کیا گونا گون ہوا
بجا قاتل عشق کا نقارہ، سدھ بدھ اور ہوش جنون ہوا
اُن چوں، کا پوچھتی آرسیوں سے جلوہ نمائے چون ہوا
اک عاشق اک معشوق ہوئے یوں عالم جونا جون ہوا
اے دل تو سمیٹ لے لیلیٰ کو، کہے قیس کہ جو مجنون ہوا
شیریں سخنی ہی تیشہ بنی، فرہاد غریب کا خون ہوا
اس کُن کے کاف کی کھنڈی بنی اس کھنڈی کا سر نون ہوا
رانجھے نے رُخ بیلے کا کیا تو ہیر کا حال زبون ہوا
پھر مرزا لے گیا صاحباں کو بارات کا شان زبون ہوا
محتاج نہیں باراتوں کا، یہی عشق کا فن فنون ہوا
وہی قیلئے پلاؤ، شیرینی، وہی زخموں پہ جا کے نون ہوا
چلی پوری فوج تعاقب میں سر راہ ہی اس کا خون ہوا
ماری گئی راہ میں صاحباں بھی حیدر یہ کُن فیکون ہوا

الف ایہہ خوبیاں سبھے شاہ دیاں ایہہ خوبیاں اینویں وِکھالڑا ای
ایہہ گھنن سبھ اچاوے آہے جویں جِھپکی دے موہنہ نوالڑا ای
ایہہ اکھیں سادمرادیاں نہیں، ایہہ گھلدا کجل کالڑا ای
لُٹ پٹیاں دِسن اکھیاں اتے سُرمے دے سر دُنبالڑا ای
متھے دے ول دا سکھ ناہا ایہہ اکھیاں والڑا مالڑا ای
تیغ دی بے رنگ آب ترکھڑی ناہیں تاں پانی ہتھالڑا ای
اکھیں دی سِک اینویں رہندی ناہیں تاں مرن سکھالڑا ای
تھا نہ تاک نہ چمکے وے حیدر چانن سورج والڑا ای

الف اپنا گھونگھٹ کھول وکھاوے گُڈیاں نال ولانہیں
آپے جُھرمٹ، پوپٹ پائے اُتے اساں گڈیاں نال کھڈانہیں
بنھ نہ گڈا بھا اسا ڈڈے گڈیاں وانگ اڑانہیں
چھک حیدر دی ڈور اپنے پاسے، آسے پاسے بھنوانہیں

سب حُسن کے روپ تو شاہ کے ہیں، یہ چھوٹا سا دکھلاوا ہے
یہ اصل کا عشرِ عشیر نہیں، چکّی کے مُنہ کا نوالا ہے
وہ سادہ مرادی آنکھیں ہیں پر کاجل کتنا کالا ہے
دیکھیں تو وہ آنکھیں ویراں ہیں، بس سُرمے کا دنبالہ ہے
ماتھے کے تیور مشکل تھے آنکھوں کا رنگ نرالا ہے
کیا تیغ کی دھار ہی تیز نہ تھی جو پانی مانگنے والا ہے
آنکھوں کی نہ ایسی پیاس ہو تو مر جانا ہی سکھ والا ہے
کچھ نہ چمکے حیدر وہ تو نور ہی سورج والا ہے

الف اپنا گھونگھٹ کھول دکھا کے کھلونوں سے بہلا نہ ہمیں
خود جھرمٹ ڈالے، رقص کرے اور کھیل کوئی دکھلا نہ ہمیں
بدنام نہ کر، بدنام نہ کر گڈی کی طرح سے اڑا نہ ہمیں
خود ڈور یہ کھینچ اپنی جانب، بے سمت بنا کے گھما نہ ہمیں

الف اوہناں نیناں والے جھروکیاں وچوں جھات پویندڑا کون ویکھاں
اوہ بھر بھر دیندا پیالے شراب دے ساقی اکھیندڑا کون ویکھاں
اوہ ہس ہس اوہلے پیپنیاں دے جنگ کریندڑا کون ویکھاں
اوہ سُرمے سیاہ دی اُپنی اُتے تیغ لَیندڑا کون ویکھاں
اوہ نین ملیہڑے پیپنیاں دے پلو پھریندڑا کون ویکھاں
دیکھ منخے دا ول سکھر تے ناہیں کانی مریندڑا کون ویکھاں
اوہ پلکاں والیاں کنگریاں توں تار مریندڑا کون ویکھاں
اوہ زلف کمندا ساڈڑے گل وچ پائے چھکیندڑا کون ویکھاں
حیدر مار کے نیزے پیپنیاں دے ہیٹھ بلیندڑا کون ویکھاں

الف اینویں حسن جمال اوہناں سوہنیاں دا گل رنگ نما دا رنگ نہیں
اینویں پیا دیدے رنگدا اے بے رنگ اوتھے فنا دا رنگ نہیں
اکھیاں اگے ہنیر غبار اے ، ناہیں تے واوَ دا رنگ نہیں
ایہو گل رنگیں گھولیا اے سو بادِ صبا دا رنگ نہیں

ان نینوں والے جھروکوں سے کوئی جھانک رہا ہے، کون ہے وہ
دے جام شراب کے بھر بھر کے ساقی کہلاتا ہے، کون ہے وہ
مژگاں سے ادھر جو ہنس ہنس کر اب جنگ کرتا ہے، کون ہے وہ
سُرمے کی سان پہ تیغ اپنی کو آب جو دیتا ہے، کون ہے وہ
رہ رہ کے سرگیں آنکھوں کا جو پلو پھراتا ہے، کون ہے وہ
ماتھے کے شکن کا ذکر ہی کیا جو تیر چلاتا ہے، کون ہے وہ
وہ پلکوں والے کنگروں سے جو تار ہلاتا ہے، کون ہے وہ
وہ زلف گلو میں کمند کیے، ہمیں کھینچتا پھرتا ہے، کون ہے وہ
اور نیزے مار کے پلکوں کے سرگوشی جو کرتا ہے، کون ہے وہ

یونہی حسن و جمال ان سوہنوں کا گلرنگ نما کا رنگ نہیں
بے رنگ، آنکھوں کو کیوں رنگ دے وہاں کوئی فنا کا رنگ نہیں
آنکھوں کے لئے تاریک غبار ہے ورنہ ہوا کا رنگ نہیں
یہاں پھول پھول کو رنگ ڈالا، خود بادِ صبا کا رنگ نہیں

الف ایہہ لالہ رنگیاں لعلڑیاں اس بے رنگ رنگ دیاں خوبیاں نی
ایہہ لعل بدخشاں بوہ بوہ بھکھدے آتش سنگ دیاں خوبیاں نی
رُخ گرہ داں غنجر پینیاں دے ایہہ ساریاں جنگ دیاں خوبیاں نی
خضر آب حیات بنائے ہینیریوں زلف دے ڈنگ دیاں خوبیاں نی
حیدر بھی نہ تیغ الاری ایہہ سونے دی ونگ دیاں خوبیاں نی

الف اوہ میتھوں دی نیڑے وسے نی بھیناں پٹیاں ہیں اکھیں پٹیاں ہیں
ہے ہے اکھیں نہیں پر ویکھن دی سک پٹیاں ہیں اکھیں پٹیاں ہیں
اوتھے یوسف آہا سُفنے وچ اکھیں پٹیاں ہیں اکھیں پٹیاں ہیں
لکھی صورت ڈٹھی سوہنی ہیں جیہی پٹیاں ہیں اکھیں پٹیاں ہیں
لوٹ پوٹ ہویاں اکھیں نال اکھیں پٹیاں ہیں اکھیں پٹیاں ہیں
کور کور کرے بے وت کرے بینوں پٹیاں ہیں اکھیں پٹیاں ہیں
لگا دل وچ حیدر تیر نگاہ دا پٹیاں ہیں اکھیں پٹیاں ہیں

یہ لالہ رنگ کے لعل جو ہیں اس بیرنگ کی خوبیاں ہیں
یہ لعل بدخشاں بھڑکے ہیں یہ آتشِ سنگ کی خوبیاں ہیں
خنجر پلکیں اور رُخ گرداں یہ ساری جنگ کی خوبیاں ہیں
وہ خضر کا آب حیات جو ہے تری زلف کے ڈھنگ کی خوبیاں ہیں
محتاج نہیں شمشیر کا میں، سونے کی ونگ کی خوبیاں ہیں

وہ مجھ سے کبھی میرے قریب بسے مجھے آنکھوں نے برباد کیا
آنکھیں ہی نہیں، پر دیکھوں اسے مجھے آنکھوں نے برباد کیا
یوسف تھا خواب میں دیدے کھلے مجھے آنکھوں نے برباد کیا
اس حُسن کے کیا کیا نقش رہے مجھے آنکھوں نے برباد کیا
ان نینوں سے جب نین ملے مجھے آنکھوں نے برباد کیا
آنکھوں کو جو پھر بے نُور کرے مجھے آنکھوں نے برباد کیا
ان نظروں کے تیر تو دل میں لگے مجھے آنکھوں نے برباد کیا

الف اس بیرنگ پاک دا رنگ ایہناں خوبصوتاں نوں چمکاوندا ای
اوس سورج دا نور دینہ راتیں ماہ پاریاں نوں چمکاوندا ای
دیوے تیغ بیرنگ دی آب گُلاں نوں رَت دے رنگ رنگاوندا ای
پر جانے نہ اوس نوں وانگ ایہناں کوئی وچ خیال سماوندا ای
کوئی نقش نہیں نقاش جیہا تو ڑے اپنا ای رنگ بناوندا ای
یعنی حیدرا اوتھے عاقل بنیا جتھے کجھ ہتھ وتھ نہ آوندا ای.

الف اوہ بیرنگ دے رنگ کنوں ایہہ رنگ پیا ٹھہراوندا ای
رتا سانوڑا پیلڑا ہو بہو دیندا پل پل رنگ وٹاوندا ای
کر کر بہے پکھارا گل توں تریل دا ناؤں سداوندا ای
اُڈ اُڈ ڈھیندا گل دے رخ توں اوہلے بانہہ اڈاوندا ای
اوہ میٹھوں بھی نیڑے میتوں اتے دل دیکھن نوں ترساوندا ای
دنیہ چوہلی دے وچ غائب حیدر رنگ اوتھے دھپ چھاؤں دا ای

الفت اس بے رنگ پاک کا رنگ اس حسن کو جو چمکاتا ہے
خورشید ہے وہ اور نور اس کا مہ پاروں کو چمکاتا ہے
دے بے رنگ تیغ کو آب گلوں کی لہو کے رنگ رنگاتا ہے
کیا جانیے ان میں سے کوئی اس کے معیار پہ آتا ہے
نقاش سے بڑھ کر نقش کہاں خواہ اپنا نقش بناتا ہے
حیدؔ وہاں عاقل بن بیٹھا، وہاں عقل سے کچھ ہاتھ آتا ہے؟

اس بے رنگ کے رنگ دیکھ کے یہ رنگ بڑا شرماتا ہے
نیلا پیلا ہو ہو کر یہ رنگ پہ رنگ بدلاتا ہے
پھول کو رنگ مہک دیتا ہے اوس کے نام لگاتا ہے
پھول سے اڑ اڑ گرے تو چھپ کر سارے رنگ جماتا ہے
وہ مجھ سے بھی میرے قریب ہے دل کو مگر ترساتا ہے
سورج ڈوبا اس چولی جہاں دھوپ چھاؤں کا کھاتا ہے

الف ایہناں سوہنے خوبصورتاں اندر جلوہ بھی مینڈڑے یار دا ای
ایہہ گل گل رنگ رنگا چمن دا بھی حسن بسنت بہار دا ای
ایہناں مورتاں سنگین دے وچ اوہا سوہنا لعل وار نگ سوار دا ای
ایہہ تال بتال ایہناں کنجنیاں دا ناچ وڈے ہنکار دا ای
ایہہ تھیّا تھیّا اتے چھن چھن بھی گھونگھرو دی چھنکار دا ای
اس دام درہم دی چھنک چھنک جو دان اُسس دیون ہار دا ای
اس دانے دانا جیہے بھاڑے اندر تیز آتش دی بھڑکار دا ای
جے منصور انا الحق آکھیا ، جانشین اوہا سردار دا ای
جس کیتی شاہ رگ اپنی سوئی واقف اُسس گفتار دا ای
جیہڑا محرم تھیا وچ قرب ورید دے سوئی محرم اس اسرار دا ای
اوہ بیلی بیلے توں باہر ناہا پر بیلڑا دھندو کار دا ای
جیہڑا بیلی دے نال ہی بیلے ہووے سو اپنی ذات انکار دا ای
بیلہ بھی اتے بیلی بیلی ہیر دے کہنے سار دا ای

ان سوہنی موہنی مُورتوں میں تو جلوہ میرے یار کا ہے
یہ لالہ و گل ہیں حُسنِ چمن، یہی حسن بسنت بہار کا ہے
پتھر میں لعل اُگاتا ہے وہ مالک اس شاہکار کا ہے
تال بتال ان کنچنیوں کے رقص بڑے ہُنکار کا ہے
یہ تھیا تھیا اور چھَن چھَن بھی تو گھنگھرو کی جھنکار کا ہے
یہ سیم اور زر کی چمک کھنک یہ دان اس دیون ہار کا ہے
اور فصل بہار میں روپ اسی کے شعلے کی بھڑکار کا ہے
منصور انا الحق کہتا ہے تو وارث اس سردار کا ہے
جو شاہ رگ اپنی کاٹ سکے وہی واقف اس گفتار کا ہے
جو قرب درید کو جان گیا وہی محرم اس اسرار کا ہے
نہیں بیلی بیلے سے باہر بس بیلہ دھندو کار کا ہے
وہی حل پائے مسلک جس کا اپنی "میں" کے انکار کا ہے
یہی بیلہ ہیر کا یار بنے یہی بیلہ عشق اقرار کا ہے

الف اوہا ہار سنگار بھانڑا یار نہ کیتا اساں کیا کیتا اساں
ویکھ کجل دی دھار وے دھار نہ کیتا اساں کیا کیتا اساں
اساں کیتا ڈر دیاں مول شکار نہ کیتا اساں کیا کیتا اساں
ڈنگے زلف سیاہ دے مار وے مار نہ کیتا اساں کیا کیتا اساں
کولو کول تماشا ہا باغ بہار نہ کیتا اساں کیا کیتا اساں
حیدر چولا اپنا پاڑ لنگار نہ کیتا اساں کیا کیتا اساں

الف ایہہ خوبصورتاں ایویں بھانڑا تیندڑیاں ہون کہانیاں نی
ایہہ آپ غریب نمانیاں عاجز تیندڑیاں در در رلجانیاں نی
کوئی چھاہ دے کارن گھم گھم جائی اتے مکھن کارن مدھانیاں نی
بے چوں نوں چونیاں واڑا آکھن عاشقاں دیاں پریشانیاں نی
میں بے چوں گھتی آں کپڑ تے ہتھ لہر دیاں بوٹیاں لانیاں نی
ایہہ خواب خیال نی سوہنے باقی خوبیاں سبھے ربانیاں نی
میں سوہنے نوں لائیں سوہنہ ناہیں تا یا ردیاں کتھے نشانیاں نی

گر نہ بھائے یار کو ہار سنگھار تو کیا ہم نے کیا
روئے دیکھ کے کاجل کی دھار تو کیا ہم نے کیا
ڈر گئے کیا نہیں ہے ہم نے شکار تو کیا ہم نے کیا
ڈس لیا ہے اس زلفِ سیاہ کے مار تو کیا ہم نے کیا
نظارہ نہ کیا تجھے پہلو میں باغ بہار تو کیا ہم نے کیا
حیدرؔ کی نہ قبا اپنی تار تار تو کیا ہم نے کیا

یہ صورتیں حسن تو پردہ ہیں مقصود تمہاری کہانیاں ہیں
یہ صورتیں عجز و نیاز کی ہیں اور تیری ہی درد رنجانیاں ہیں
مٹکی تو ہے چھاچھ بلو ہنے کو مکھن کیلئے تو مدھانیاں ہیں
بے چوں کو کہیں جب چوں والا یہ عاشقوں کی پریشانیاں ہیں
میں بے چوں بیچ بھنور میں گئی، لہروں پہ فصلیں اگانیاں ہیں
یہ خواب و خیال حسیں ہیں بہت یہ صفتیں سب ہی ربانیاں ہیں
اس سوہنے کو طوقِ گلو کر لوں یہی سوہنے تو اس کی نشانیاں ہیں

الف اوہ دریا تر وڑے بنیاں مے شیشے کرکر کون پچھے
اوتھے کرکر کرکر ہکا پتھر مارے کیوں کر کون پچھے
اوتھے اوہی نیں شیشے تے اوہی اے پتھر ماردا ہر سر کون پچھے
اوتھے کرکر کرکر سنیں ناہیں کرکن کپّر کون پچھے
اوتھے ٹھاٹھیں بازو تے سیریں پانی لہر دی دھڑ دھڑ کون پچھے
اوتھے دریا دا پیر تلکے لہر کنبدا تھر تھر کون پچھے
ایہہ بیت مکرر ناہیں مکرر، ایہی مکرر کون پچھے
حیدر سنیاں کن کہیاں اوتھے پانی پھڑ پھڑ کون پچھے

الف ایہہ لمیاں پٹیاں والیا وے جڑ پٹ نہ درد رنجانیاں دی
تینوں زلفاں لمیاں کالیاں دی سوہنہ کپ نہ جڑھ نمانیاں دی
تینڈی آس تے ساویاں تازیاں دے تینڈے روسے دے نال کمانیاں دی
نہ کر ناز ادا خواب گمانی جے وست رچ اے کہانیاں دی

دریا بن کر ساحل توڑے اور شیشے مے بن کر کون پُوچھے
خود ہی گھر شیشے کے بنائے خود ہی مارے پتھّر کون پُوچھے
خود ہی شیشہ، خود ہی پتھّر، مارے کون سراسر کون پُوچھے
موج بھنور گرداب بنے گر کُن کا وِرد برابر کون پُوچھے
بن کے سمندر ٹھاٹھیں مارے لہر بنے کرے سر سر کون پُوچھے
دریا بھی گھبرائے اس سے موج بھی کانپے تھر تھر کون پُوچھے
شعر مکرر کیسے ٹھہریں ایک وہی ہے مکرر کون پُوچھے
حیدرؔ اس کے کُن پہ سنی ہے میں نے موج کی دھڑ دھڑ کون پُوچھے

اوہ لمبی زلفوں والے ہم بے چاروں کو برباد نہ کر
تجھے قسم ہے تیری زلفوں کی ہمیں اب نقشِ فریاد نہ کر
تری آس پہ ہم گل تازہ ہیں ہمنہ موڑ ستم ایجاد نہ کر
یہ خواب ہیں ان پر ناز نہ کر لب مائلِ صد فریاد نہ کر

الف ایہناں تینڈیاں دے تصویراں مینڈڑا سینڑا لیراں لیراں کیتا
بے چونی دی خوبی دی قید مینوں ایہناں زلف دیاں زنجیراں کیتا
چھانٹیاں چھانٹیاں دل مینڈڑا ایہناں پلکاں دے تیراں کیتا
محرم تینڈیاں خوبیاں دا ایہناں سوہنیاں تصویراں کیتا
واقف تینڈیاں رازاں دا کجھ پیڑاں کیتا کجھ پیراں کیتا
حیدر بھاگ سہاگ اساڈڑا لطف جے حضرت میراں کیتا

الف آپے ہس ہس مٹھڑا ابھی بجلی وانگ متھے ول پا نہیں
اوہ کھیوندی بجلی زلف کنوں کر جھبڑ دا گھنڈ چھپا نہیں
اوہ تیغ عراقی دُھرو میانوں گل لا مینوں ترسا نہیں
کر کلاوے بجلی والڑے مینوں جھومر وانگ ولا نہیں
مینوں مار کے کوڑا بجلی دا کتنل تر دوڑ کے نتھ گھڑا نہیں
میں تاں تینڈڑے ساہ گناندڑی ہاں موتی آتش وچ جما نہیں

ان تیری تصویروں سے مرا سینہ یراں یراں
بے چوں کی خوبی کی قیدان زلفوں کی زنجیراں
دل چھلنی کر ڈالا میرا تیری نظر کے تیراں
محرم تیرے ہوتے وسیلہ یہ سوہنی تصویراں
واقفِ راز کیا کچھ سوز نے اور کیا کچھ پیراں
حیدر بھاگ سہاگ ہمارے مہر کرے جو میراں

تیرے سخنا ہنس ہنس کر تو، ماتھے سے برق گرا نہیں
جو زلف سے شعلہ لپکا ہے اسے بادل میں تو چھپا نہیں
کردار اس تیغ عراقی کا سینے سے لگا ترسا نہیں
بجلی سا گلے آ کر لگ جا، جھومر سا مجھے چکرا نہیں
مجھے مار کے کوڑا بجلی کا جھمکوں سے تنتھ گھبرا نہیں
میرے دم دم میں آباد ہے تو مورتی آتش میں تو جلا نہیں

الف اوہ شمع گر بھر کائے زبان تینڈی خوبی کتوں مقال کرے
اگے آکھ نہ سکے کہے بے رنگ دی کوئی کیا گالھ کرے
پر پروانہ دیس موہنہ تے جھل متاں قیل وقال کرے
متاں گردن ماری ساری جے مثل دی کائی مثال کرے
ہے ہے رووے کھڑی کدھی آہیں کیہیاں جیوں تینڈا خیال کرے
جو کجھ عشق تسا ڈڑے شعلڑاں شمع نمانی نال کرے
سوئی نال سسی صاحباں، سہتی تے نالے ہیر سیال کرے
اوہ غمزے دے تیر تھوں شمع جو کینے تے کوکے حال دے حال کرے
کدے کوئی فانوس دا واٹ کرے کدی پر پروانے دی ڈھال کرے
اوس دراز دی غیرت تھوں ویکھو شمع کیہہ آخر حال کرے
لڑھک مرے نال انبر بھجی جا نور نوں دھواں وال کرے
ہے ہے ساری رات پڑھے پروانڑا تن من بال مثال کرے
ویکھاں کیا کجھ لگیا بال ایانے، ہتھ وچ دیوا بال کرے
حیدر رہو پروانہ تاں یار بھی تینڈڑی ایویں بھال کرے

وہ شمع زبان جو کھولے بھی تری خوبی کا جو مقال کرے
کیسے بے رنگ کے وصفوں کا بیان کس طور زبان حال کرے
پروانہ اس پر پر مارے کہیں اور نہ قیل وقال کرے
کہیں گردن ماری نہ جائے اگر کسی مثل سے اسے مثال کرے
ساحل پہ کھڑی چھم چھم روئے جو جو بھی ترا خیال کرے
ترے عشق کا شعلہ کیا کیا کچھ اس شمع نمانی کا حال کرے
وہ یاد کرے سسی صاحباں سہتی اور ہیر سیال کرے
تیرے ناز و ادا کے تیروں سے لرزے اور حال بے حال کرے
فانوس کی لے کبھی آڑ کبھی پروانے کے پر کو ڈھال کرے
کیا جانیئے دست درازیوں سے آخر کیا اپنا حال کرے
آکاش میں جا کر مر جائے اور نور کو دھواں وال کرے
پروانہ شب بھر شبد پڑھے تن من کو جلائے کمال کرے
اک طفل جلائے شمع تو دیکھیں کون سا کسب کمال کرے
حیدر پروانہ بنے اگر ترا یار بھی یوں تیری بھال کرے

الف ایس کملی رملی گولڑی نوں بھی اپنی کر کجھ آکھناں ای
گھت کے پیٹی چھوڑ بلبل کہو کہو پر کجھ آکھناں ای
ہتھ وچ رکھ پراہنے نہ چھوڑیں مرے نہ اُر کجھ آکھناں ای
دادا چاک بھتیں وت کن ونجھے باہج تینڈے در کجھ آکھناں ای
رہسے جے ہمیشاں در تے ہے ہے ونجے نہ مر کجھ آکھناں ای
تینڈا ابگڑیا در حیدر کر وچ ناؤں نذر کجھ آکھناں ای

الف اساں پانی اُتے عمارت بدھی دم دم دہا کرم اساں
باہج ہوا دے پوبیاں وانگر کف تے نہ ہک درہم اساں
پر کیا غم چنگا جے کم کیتا کم نال کریم دے کرم اساں
اوسے موج کرم توں جو بنیاں وانگر دیونا آخر دم اساں
جے گل لائی کھول تنی کیہا چولا اتارنا چم اساں
جے موج کرم دی متھے مارے متھے بخت کیا غم اساں
جے کاتب آپ کریم دے حیدر لکھیا متھے کرم اساں

اس کملی رملی گولڑی کو بھی اپنا کر کیا کہتے ہو
کر قیدِ قفس میں بلبل سے کوئی بات تو کر کیا کہتے ہو
نہیں دور کہیں ہاتھوں میں رکھو کہیں جائے نہ مر کیا کہتے ہو
میکے سے کہاں جاؤں اُٹھ کر جُز تیرے در کیا کہتے ہو
مر جاؤں گی اٹھوائی گئی ترے در سے اگر کیا کہتے ہو
نذر اس کی کر، ترا بگڑا گھر سنورے حیدر کیا کہتے ہو

پانی پر بنیاد اٹھائی دم دم کرم کمائے
مٹھی میں بس ہوا کا جھونکا درہم کوئی نہ آئے
اس کا کیا غم اس کے کرم سے ہم نے کاج بنائے
موج کرم وہ رسیوں والی ہم سے جہاں لے جائے
بندِ قبا کو کھول کے ہم کو اپنے گلے لگائے
موجِ کرم کے شہید ہوئے تو بخت بہت چمکائے
کاتب آپ کریم ہوا تو ماتھے بخت سجائے

الف ایہہ کیہا قاصد یار دا اے سہتھ نشانڑی سیلڑا ای
آہو آپے لکھیا رانجھن میں دل آ دینی آ وُ ہکیلڑا ای
اج خلوت ایہی ویلڑا ای یار ایہہ بیلی والا بیلڑا ای
تینڈیاں کیتیاں ویسن پھراں سمجھے ویلڑا ایہہ جے ویلڑا ای
جے کر کجھ نہ عرض تاں کر لے اج وت حیلہ وادیلڑا ای
جے وت گل کچہری لگی تاں شاہاں بھی رنگ پیلڑا ای
یا رب ات محمدؐ الوسیلہ حیدر وڈا وسیلڑا ای

الف ایہناں سوہنیاں وچ جلوہ بے رنگ خوبی یار دی اے
بے رنگ ہویا جے چاندنی اندر ظاہر رنگ دیوار دی اے
دسے اُتے گل پوے نہیں لایدرک الا بصار دی اے
چمکے ہوا مہتاب کنوں گل پوے نہ گل اسرار دی اے
اوہ آپ سورج حیدر بہت بلند ایہہ گل تاں دور چمکار دی اے

یہ کیسا قاصد یار کا ہے ہاتھوں میں نشانی سیلا ہے
رانجھن نے لکھا ہے مرے لئے آجاؤں اب وہ اکیلا ہے
ہے خلوت بھی اور موقع بھی اور بیلی والا بیلہ ہے
پھر پائے گا گر سمجھ گیا ملنے کی یہی تو بیلہ ہے
لب کھول کہ آج ہی تیرا ہے کل کو تو فقط واویلا ہے
کل حشر کچہری میں تو سب شاہوں کا رنگ بھی پیلا ہے
یا ربّ آخر کو محمد ہی حیدر کا ایک وسیلہ ہے

ان ماہ رخوں میں جلوہ نما اک بے رنگ خوبی یار کی ہے
ظاہر جو ہوئی ہے چاندنی میں بے رنگی یہ دیوار کی ہے
نہ سنائی دے، نہ دکھائی دے لایدرک الابصار کی ہے
مہتاب سے چمکے یا دریا کیسے؟ یہ بات اسرار کی ہے
وہ سورج کتنا اونچا ہے یہ بات اس کی چمکار کی ہے

الف اوس زلفِ سیاہ اتے عکس لباں دا دل اندر آرسی نوں
وحی انا اعطینک الکوثر . . . نالے کوثر . . . آرسی نوں
اوہ لب لعل تے مسی والیاں ویکھ وے نینگر . آرسی نوں
سرچشمۂ آب حیاتی ، ظلمت والی دا کر آرسی نوں
کل پئی اکھیں ، کل پوسّی اکھیں وچ گوڈیاں دھر آرسی نوں
پلک نہ لگس ، خواب کیہا توڑے گوڈیاں تے دھر . آرسی نوں
جے گوڈیاں تے دھر گوڈیاں تے کر گلشن بنجر آرسی نوں
خوبصورتاں آرسی باہج نہ رہندیاں ویکھ وے حیدر آرسی نوں

الف ایہہ دائرہ دار ایہہ روپ تینڈڑے دا ہور پیا آواز نہیں
تینڈیاں ٹھاٹھیں گاون تینڈڑے ہور محض ثنا آواز نہیں
جے موج ہوا آواز ٹھُیوے کیوں موج سخا آواز نہیں
